Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۴ } مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۴ جمادی الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ ستمبر ۱۹۳۳ء نمبر ۳۵

حصہ اول۔

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	روبکار بابت ترمیم رخصت مسٹر جسٹس حاجی محمد ارشاد اللہ خان صاحب بہادر۔	۲
۲	رخصت مسٹر اے۔ ایچ۔ سی۔ نشونز۔	″
۳	منسوخی رخصت سید تقی صاحب۔	۲ و ۳
۴	رخصت مسٹر مارجوری براؤن۔	۳
۵	بحالی معاون، منصرم ملازمان صدر۔	″
۶	رخصت حبیب اللہ سید مستری واٹر ورکس	″
۷	تقرر ایچ۔ اے۔ شاہ ڈمنسٹ بطور آنریری ڈاکٹر بصدر ہاسپٹل۔	″
۸	اجازت ملازمت بریاست احمد حسین خان برخاست شدہ۔	۴
۹	توسیع ملازمت مسٹر سیپرین لائبریرین۔	″
۱۰	روبکار بابت استثنیٰ از اسلحہ بہ منشی انیاز علی خان صاحب۔	″
۱۱	تقرر ڈاکٹر اندر نراین بہ مضافات نو آبادی	۵
۱۲	انضمام کارسلسلہ روانگی مقام مسوری جناب افسر خزانہ	″
۱۳	اضافہ تنخواہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔	″
۱۴	استعفا باعدم اندراج گزٹ روبکار ترمیم رخصت مسٹر جسٹس حاجی ارشاد اللہ خان ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر و منیجر صاحب اسٹیٹ پریس	۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

رُوبکار :- (موصولہ مطبع ۹ر ستمبر سنہ ۳۳ء) واقع ۹ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

عرضداشت ملاحظہ ہوئی حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

۱- یکم ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء کو روبکار اجلاس خواص جاری ہوا تھا کہ "جسٹس ارشاد اللہ خان بہادر کی رخصت ۱۵ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء سے آخر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء تک منظور کیجاتی ہے" اب حکم دیا جاتا ہے کہ بجائے ۱۵ر ستمبر ۱۹۳۳ء کے ۷ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء سے آخر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء تک رخصت منظور ہے۔ اور اُن کی رخصت کے زمانہ میں ہائی کورٹ اور عدالت ہائے جوڈیشل کے تغیر و تبدل کے انتظام کے جو ۱۵ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء سے احکام جاری کئے گئے تھے۔ اب اُن احکام کا عملدرآمد ۷ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء سے کیا جائے۔

۲- کمیٹی ہال کے پریسیڈنٹ بجائے جسٹس ارشاد اللہ خان کے صاحب چیف جسٹس بہادر پریسیڈنٹ مقرر ہوں۔

۳- مسٹر ارشاد اللہ خاں بہادر ہمارے سلام کو مسوری حاضر ہو سکتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا تعمیلاً صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ منسٹر صاحبان بہادر۔ سکریٹری صاحب ہائی کورٹ۔ کونسل خاندان۔ جملہ افسران صیغہ ریاست کے پاس بھیجی جائے ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء　　(دستخط صاحب فنانس منسٹر بہادر)

حکم :- (موصولہ مطبع ۱۴ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء) واقع ۸ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء کیمپ مسوری

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بابت عطائے منظوری رخصت رعایتی یکماہہ مطلوبہ اے۔ ایچ۔ سی۔ تھونز از ۸ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء بضرورت ذاتی۔ بذمہ داری محمد علی

بموجب رپورٹ اے۔ ایچ۔ سی۔ تھونز کی ایک ماہ کی رخصت یوم استفادہ سے منظور ہے۔ ایام رخصت میں محمد علی کام کا ذمہ دار ہوگا۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء (مسوری)　　دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- واقع ۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء

مثبتہ ڈی او خاص صاحب ہوم منسٹر بہادر موسومہ صاحب چیف منسٹر بہادر در بارہ صدور حکم منسوخی رخصت اتفاقیہ ۸ر یوم سید تقی صاحب منظور شدہ از یکم ستمبر سنہ ۱۹۳۳ء بوجہ عدم استفادہ

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ حسب رپورٹ سید تقی صاحب کی رخصت اتفاقیہ ۳ یوم من ابتدائے یکم ستمبر ۱۹۳۳ء منظور شدہ سابقہ بوجہ عدم استفادہ منسوخ کیجاتی ہے کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب فائنانس منسٹر بہادر

حکم :۔ مورخہ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۳ء

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب رپورٹ مسٹر مارجوری براؤن کی رخصت دو ماہ بوضع تنخواہ از یکم اگست ۱۹۳۳ء تا ۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء بوجہ علالت منظور کیجاتی ہے۔ حکم ذریعہ کاغذات منسلکہ برائے کارروائی ضابطہ صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

بائی آرڈر

دستخط صاحب فائنانس منسٹر بہادر

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اصل کاغذات صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کے خدمت میں مرسل ہوں

مورخہ ۱۴ ستمبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

روبکار :۔ مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۳ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ چونکہ وحید اللہ خان سابق معاون محصل متعلقہ ملازمان صدر کی علیحدگی کسی شکایت مثبتہ رپورٹ سررشتہ صدر کی بناء پر نہیں ہوئی ہے لہذا ان کو ملازمت سابقہ پر بہ تنخواہ سابق بحال کیا جاتا اور فدا علی خاں جو وحید اللہ خاں کی بجائے مقرر ہوا

ملازمت سے سبکدوش کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر

(دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

حکم :۔ مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۳ء

ظہری ڈی او صاحب ریونیو منسٹر بہادر موسومہ صاحب ہوم منسٹر بہادر خلاصہ کہ حبیب اللہ سپرنٹنڈنٹ لائبریری مورخہ ۱۵ اگست ۱۹۳۳ء کو تین یوم رخصت اتفاقیہ پر اپنے وطن گئے تھے اب حسب استدعائے نابرده بغرض درستی مکان بہ تنسیخ رخصت اتفاقیہ تین یوم رخصت رعایتی اٹھارہ یوم بصورت خاص از ۱۵ اگست تا یکم ستمبر ۱۹۳۳ء ... منظور فرمائی جائے

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب رپورٹ حبیب اللہ سپرنٹنڈنٹ لائبریری کی اٹھارہ یوم کی رعایتی رخصت بصورت خاص از ۱۵ اگست تا یکم ستمبر ۱۹۳۳ء منظور کیجاتی ہے کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں

بائی آرڈر

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار :۔ مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۳ء

حسب استدعائے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر ڈاکٹر ایچ۔ اے۔ شاہ ڈنٹسٹ کو صدر اسپتال میں بطور آنریری ڈاکٹر مستقل کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۱ ستمبر ۱۹۳۳ء

درخواست امجد حسین خان سابق ملازم محافظ خانہ صدر
مع کیفیت سررشتہ صدر ملاحظہ ہوئی۔ جس سے واضح ہے کہ سلسلہ
گمشدگی اشیاء جو ملازمان برخاست ہوئے ہیں۔ انہیں سے
نیاز حسین خان کو اجلاس ہمایوں سے ۱۵ اگست ۱۹۳۳ء
اجازت ملازمت عطا ہو چکی ہے
لہذا امجد حسین خاں درخواست گذار کو بھی ریاست میں
ملازمت کی اجازت دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام سررشتہ جیلد
کو مرسل ہو ایک ایک نقل جملہ منسٹر صاحبان بہادر کے پاس بھیجی جائے
ایک نقل درج گزٹ ہو
باقی آرڈر
دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۱۰ ستمبر

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوتے۔ حسب استدعائے
صاحب ریونیو منسٹر بہادر مسٹر حبیب حسین لائبریرین مشاہرہ
عہ؍ (تین سو روپیہ) کی مدت ملازمت میں یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء
سے ایک سال کی توسیع منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو
مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔
(باقی آرڈر)
دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۲۰ ستمبر ۱۹۳۳ء

منشی محمد ممتاز علیخان صاحب مستاجر
سابق تحصیلدار ایک ضرب بندوق دونالی
کارتوسی بارہ بور برج ہولڈنگ نمبری ۶۲۵۲
ایک ضرب پستول ولایتی شش فیرہ نمبری ۲۵۵
نمبری ۵۱ لاک رینڈسن لندن اور ایک
قبضہ تلوار نمبری ۲۰۰۰ کل ۳ سلاح
بمنشائے روبکار اجلاس ہمایوں مرقومہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء
بہ مستثنیٰ داشت کے مجاز ہیں۔ چونکہ ایک ضرب
بندوق دونالی کارتوسی نمبری ۱۴۰ خرید کردہ از
مبارک علیخان لائسنسدار ۲۵۷ خارج شدہ
از لائسنس سنہ ۳۳ء نمبری ۲۱۳ بحکم ۲۸ فروری ۱۹۳۳ء
نمبری ۲۰۰۰ بحیثیت اختیارات
مجسٹریٹی حضور تحصیل پاتسن نمبر ۱۹ روزنامچہ
مذکور الصدر بنام منشی محمد ممتاز علیخان صاحب
بہ مستثنیٰ درج ہوئی ہے۔ اور بندوق مذکور
بوجہ سبکدوشی ملازمت در بہ مستثنیٰ داشت کے
مجاز نہیں ہے اور بدستور بہ مستثنیٰ رکھنے کی
اجازت کے خواستگار ہیں لہذا۔

حکم ہوا کہ

منشی ممتاز علیخان صاحب کے نام پر چہار ہتھیار بالا بدستور بہ مستثنیٰ جاری رہیں
کاغذات ذوشامل مثل متعلق ہو کر احکام اطلاعی جاری ہوں۔
(حسب الحکم)　　دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار۔ واقع ۱۳ ستمبر ۱۹۳۳ء

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوے۔ حسب استدعائے صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر۔ مواضعات نواباد کے لئے ڈاکٹر اندر نراین ایم۔بی۔بی۔ایس۔ڈی۔پی۔ایچ کا عارضی تقرر بمشاہرہ یکصد روپیہ ماہوار برائے چار ماہ منظور رہے۔ تنخواہ یوم کارکردگی سے ملیگی۔ فی الحال بجٹ میڈیکل ڈپارٹمنٹ کی مدمشاہرات میں بسلسلۂ خلوئے آسامی اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر مبلغ دوسو ساٹھ روپیہ کی بچت ہے۔ مبلغ ایکسو چالیس روپیہ کی منتقلی کسی دوسری مد سے مدمشاہرات میں بوقت ضرورت کرلیجائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتۂ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار۔ واقع ۱۴ ستمبر ۱۹۳۳ء

ٹیلیفون پر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر نے اطلاع کی کہ اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے مجکو مسوری طلب فرمایا ہے۔ میری عدم موجودگی میں صاحب فائننس منسٹر بہادر علاوہ اپنے کام کے صاحب چیف منسٹر بہادر اور میرے کام کو انجام دینگے۔ ونیز اجلاس ہمایوں کے کاغذات پر وہ بائی آرڈر احکام جاری کرینگے۔ اور خاص باغ میں شب کو مسٹر جسٹس معظم علیخان بہادر قیام کرینگے۔

لہذا حکم ہوا۔ کہ

روبکار ہذا بخدمت صاحب فائننس منسٹر بہادر مرسل ہو۔ ایک نقل مسٹر جسٹس معظم علیخان بہادر کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار۔ واقع ۱۴ ستمبر ۱۹۳۳ء

چونکہ سید محمد عباس صاحب زیدی بی۔سی۔ایس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کی تنخواہ میں مبلغ تیس روپیہ کی ترقی ۲۶ ستمبر ۳۳ء سے گورنمنٹ میں ہوئی ہے لہذا انکی تنخواہ موجودہ میں مبلغ تیس روپیہ کا اضافہ ۲۶ ماہ حال سے منظور کیا جاتا ہے۔ ریونیو ڈپارٹمنٹ کی شمولہ رپورٹ سے واضح ہے کہ اس اضافہ سے ختم سال تک مدمشاہرات میں بوجہ گنجایش کسی قسم کی توسیع یا منتقلی کی ضرورت نہوگی۔ بنا بران

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع رپورٹ متعلق برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتۂ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار:- سررشتہ جات مطبع در ستمبر ۱۹۳۳ء نمبر ۳۰ { واقع ۱۱ ستمبر ۱۹۳۳ء کیپ ہسوری

(دستخط اعلیحضرت بندگانعالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

بملاحظہ گزٹ غیر مطبوعہ ۹ ستمبر ۱۹۳۳ء واقع ہوا کہ روبکار ترمیم تاریخ رخصت جنس ارشاد اللہ خان بہادر مجریہ ۱۹ ستمبر ۱۹۳۳ء کا گزٹ میں اندراج نہیں ہوا۔ تاریخ رخصت بجائے ۵ ستمبر کے ۹ ستمبر ۱۹۳۳ء منظور رکھی گئی ہے۔

ڈپٹی سکریٹری الصدر اور مہتمم مطبع سے عدم اندراج گزٹ کی بابت استفسار کیا جائے۔ کہ روبکار مذکور کس کی غفلت سے درج گزٹ ہونے سے رہ گیا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام اصل حکم واپس اجلاس کیا جائے۔

۱۲ ستمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب منسٹر بہادر وانو ممبر